Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۶ شعبان المعظم ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۵ نومبر ۱۹۳۳ء جلد ۲۵

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم۔

نمبر	مضمون	صفحہ
(۱)	قائمی سلسلہ ملازمت چمن خان جمعدار۔	۲
(۲)	رہائی سید شرافت حسین قیدی بتقریب سالگرہ ہمایون	"
(۳)	رہائی نبی حسین خان قیدی ایضاً	"
(۴)	انتظام سلسلہ روانگی بمقام دہلی اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم۔	۳
(۵)	معافی فیس طلباء ہائی اسکول درجہ نہم و دہم بتقریب سالگرہ مبارک۔	"
(۶)	اظہار خوشنودی مزاج منجانب اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم بسبب آرایش و چراغان در برعایے رامپور بہنگام جشن سالگرہ مبارک	۴
(۷)	توسیع مدت میونسپل بورڈ۔	"
(۸)	رخصت ہیلتھ آفیسر میونسپلٹی۔	"
(۹)	اضافہ گریڈ ماسٹر عظمت اللہ خان۔	"

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۱۹ ر نومبر ۱۹۳۳ء

مزید وزارت صاحب چیف منسٹر بہادر معہ
تحریر صاحب آنریری منسٹر بہادر بابت قائمی سلسلہ ملازمت سابقہ مسمی
چمن خان جمعدار ایڈجوٹنٹ تھرڈ رامپور
رفعت انفنٹری (جو یکم اکتوبر ۱۹۳۱ء کو
عہدہ صوبہ داری جیل سے تخفیف ہوکر
۱۰ ر جون ۱۹۳۳ء کو دوبارہ تھرڈ رامپور
رفعت انفنٹری میں ملازم ہوا ہے)

حکم

بموجب رپورٹ چمن خان جمعدار ایڈجوٹنٹ تھرڈ رامپور
رفعت انفنٹری کا سلسلہ ملازمت سابقہ قائم کیا جانا
منظور ہے۔ ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملے گی۔
کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف
منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔
(دستخط صاحب چیف منسٹر)
۱۵ ر نومبر ۱۹۳۳ء

روبکار:- واقع ۲۰ ر نومبر ۱۹۳۳ء

بتقریب جشن سالگرہ ہمایون۔ سید شرافت حسین قیدی
سکنہ محلہ راجدوارہ کو قید جیل سے رہا کیا جانا منظور ہے
صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل بعد رہائی قیدی
مذکور رپورٹ تعمیلی پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا تعمیلاً صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں
مرسل ہو۔ بمنشائے حکم ہمایوں کارروائی فرمائی جائے
ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے

۲۰ ر نومبر ۱۹۳۳ء
(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار واقع ۲۰ ر نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں مسمی نبی حسین خاں ولد
عنایت حسین خاں ساکن محلہ گنڈہ قیدی جیل کا رہا
کیا جانا منظور ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل
بعد رہائی قیدی مذکور رپورٹ تعمیلی پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا تعمیلاً صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔
ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو
بمنشائے حکم کارروائی فرمائی جائے ایک نقل برائے
اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

۲۰ ر نومبر ۱۹۳۳ء
(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار

واقع ۲۰ نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

آج دن کے تین بجے اعلیحضرت بدولت واقبال مع خیریت ساتھ تشریف فرمائے دہلی ہوں گے۔ کل شام کو مراجعت ہوگی۔ صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اور کپتان ڈاکٹر اسکے ہمراہ پیشتر روانہ ہو چکے ہیں۔ صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر ہمارے ہمرکاب جائیں گے۔ بزمانہ عدم موجودگی ما بدولت واقبال حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

(۱) صاحب فائنانس منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ ہماری عدم موجودگی میں اجلاس ہمایوں سے ان کاغذات پر جنہیں کوئی خاص اہمیت نہ ہو۔ باقی آرڈر لکھکر اپنے دستخط سے جاری کریں۔ اہم کاغذات ما بدولت واقبال کی واپسی پر پیش ہوں۔

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر اور صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر کا کام صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اپنے کام متعلقہ کے علاوہ انجام دیں۔ اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا کام سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی انجام دیں۔

(۳) صاحب فائنانس منسٹر بہادر شبانہ روز قلعہ میں اور صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر شبانہ روز خاصباغ میں رہیں گے۔

(۴) اگر اس زمانہ میں کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو جملہ منسٹر صاحبان بہادر جو یہاں موجود ہیں باہم مشورہ کریں۔ اور جو امر بعد مشورہ طے ہو اس کی تعمیل بشکل حکم ما بدولت واقبال متصور ہوگی۔

(۵) خاص باغ اور قلعہ میں ٹیلیفون پر خاص انتظام رکھا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک ایک نقل روبکار ہذا کی جملہ منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر افسران صیغہ جات کونسل خاندان۔ اور بنک کو بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

۲۰ نومبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار

واقع ۲۰ نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں طلبائے درجہ ہشتم و دہم ہائی اسکول ریاست کو ادائگی فیس تقرر دست معافی عطا کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع درخواست طلبا بجائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بتعمیل حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

(۲۰ نومبر ۱۹۳۳ء)

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:-

واقع ۲۰ نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

بتقریب سالگرۂ ہمایوں مابدولت و اقبال کی رعایا کیجانب سے تمام شہر کی دوکانات اور مکانات شد پر آرائش اور چراغاں کیا گیا۔ مابدولت و اقبال اپنی رعایا کے پر جوش خلوص پر مسرت فرماتے ہوئے اظہار خوشنودی مزاج فرماتے ہیں

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بشنائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

۲۰ نومبر ۱۹۳۳ء

حکم:-

واقع ۲۱ نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ موجودہ میونسپل بورڈ کی مدت میں تین ماہ کی توسیع ۱۱ یکم جنوری ۱۹۳۴ء تا آخر مارچ ۱۹۳۴ء منظور ہے اس عرصہ میں ممبران کے الیکشن اور نامزدگی کی کاروائی مکمل کر لیجائے۔ جدید سال حسابی سے نیا بورڈ کام کرے حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بشنائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۲۱ نومبر ۱۹۳۳ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:-

واقع ۱۸ نومبر ۱۹۳۳ء

(بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

فرینہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بدیں مطلب کہ میڈیکل آفیسر صاحب میونسپلٹی کی رخصت ایک یوم منظور فرمائی گئی تھی اور ۱۸ نومبر ۱۹۳۳ء سے وہ رخصت پر گئے تھے۔ لیکن کارہائے متعلقہ دربار کے سلسلہ میں ۱۹ نومبر ۱۹۳۳ء کو کام پر واپس آ گئے۔ لہذا بقیہ رخصت ہمایوں سے حکم منسوخی رخصت بقیہ تین یوم صادر فرمایا جائے

حکم

میڈیکل آفیسر میونسپلٹی کی تین یوم کی رخصت بوجہ عدم استفادہ منسوخ کیجاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب نائب منسٹر بہادر

بشنائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

۲۱ نومبر ۱۹۳۳ء

حکم:-

واقع ۲۲ نومبر ۱۹۳۳ء

فرینہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بابت عطائے منظوری اضافہ گریڈ پانچ روپیہ ماہوار بر تنخواہ ماسٹر عظمت اللہ خان ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول شاہرہ دار الریاست ہمچنین پنجم روپیہ ماہوار از تاریخ استحقاق ۲ اکتوبر ۱۹۳۳ء

بموجب رپورٹ ماسٹر عظمت اللہ خاں ڈرائنگ ماسٹر کو پانچ روپیہ ماہوار اضافہ گریڈ ۲ اکتوبر ۱۹۳۳ء سے دیا جانا منظور ہے کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بشنائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۲ نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر